GUL AHMED TEXTILE MILLS LTD.

Gul Ahmed

FINANCE DIVISION
Plot No. H/7, Landhi,
Karachi-75120
Pakistan

Telephones : (9221) 111-485-485
Fax No. : (9221) 3501 9802
Email : finance@gulahmed.com

# NOTICE OF THE EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that an Extraordinary General Meeting (EOGM) of **Gul Ahmed Textile Mills Limited** will be held at the Moosa D. Dessai ICAP Auditorium, Institute of Chartered Accountants of Pakistan, G-31/8, Chartered Accountants Avenue, Clifton, Karachi, on Tuesday, March 31, 2026 at 10:30 A.M. to transact the following business:

1) To elect Seven (7) Directors of the Company, as fixed by the Board of Directors for the next term of Three (3) years commencing from 1st April, 2026 in accordance with the provisions of Section 159 of the Companies Act, 2017. The following retiring Directors are eligible for re-election,

    1. Mr. Mohomed Bashir
    2. Mr. Zain Bashir
    3. Mr. Ziad Bashir
    4. Mr. Mohammed Zaki Bashir
    5. Mr. Ehsan A. Malik
    6. Ms. Zeeba Ansar
    7. Mr. Kamran Y. Mirza

2). To transact with the permission of the Chair any other business which may be transacted at the Extraordinary General Meeting.

A Statement of material facts under Section 166(3) pertaining to election of Directors are being circulated to the members along with the notice of the meeting.

By Order of the Board

SALIM GHAFFAR
Company Secretary

Karachi:
February 26, 2026

**NOTES:**

1. The Share Transfer Books of the Company will remain closed from March 24, 2026 to March 31, 2026 (both days inclusive) for the purpose of attending of EOGM, when no transfer of shares will be accepted for registration. Transfers received in order at the office of our Share Registrar M/s. FAMCO Share Registration Services (Private) Limited, 8-F, Near Hotel Faran, Nursery, Block-6, P.E.C.H.S., Shahra-e-Faisal, Karachi by the close of the business on March 19, 2026 will be in time for the purpose of attending the Extraordinary General Meeting.

2. Participation in the EOGM proceedings via physical presences or through video link facility:

   The arrangement for attending the EOGM through electronic means will be as under:

   1. To facilitate our members who wants to attend the EOGM through Zoom Application- a video link facility will be provided.
   2. Shareholders interested in attending the EOGM through Zoom Application are hereby requested to get themselves registered with the Company Secretary office by providing detail at earliest but not later than 48 hours before the time of EOGM through email at salim.ghaffar@gulahmed.com

Shareholders are advised to mention their Name, CNIC Number, Folio/ CDC Account Number, Cell Number and Email ID for identification. Upon receipt of the above information from interested shareholders, the Company will send login credentials at their e-mail address. On the day of EOGM, shareholders will be able to login and participate in the EOGM proceedings through smart phone / computer devices.

3. **Requirements for appointing Proxies**

a. A member entitled to attend and vote at the EOGM may appoint another member as his/her proxy to attend, speak and vote instead of him/her, and a proxy so appointed shall have such rights, as respects attending, speaking and voting at the meeting as are available to a member. A proxy must be a member of the Company.

b. Form of proxy, in order to be valid must be properly filled-in/executed and received at the registered office of the Company situated at Plot No. H-7, Landhi Industrial Area, Landhi, Karachi, not later than 48 hours (excluding Holidays) before the time of the meeting.

c. The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.

d. Copies of CNIC or the valid passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished along with the proxy form.

e. The proxy shall produce his original CNIC or original valid passport at the time of the Meeting.

f. In the case of a corporate entity, the Board of Directors' resolution / Power of Attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the Company.

The CDC Account holders/sub-account holders are requested to bring with them their original CNICs or Passports alongwith Participant(s) ID Number and CDC account numbers at the time of attending the Extraordinary General Meeting for identification purpose. If proxies are granted by such shareholders the same must be accompanied with attested copies of the CNICs or the Passports of the beneficial owners. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signatures of the nominee shall be produced at the time of meeting. The nominee shall produce his original CNIC at the time of attending the meeting for identification purpose.

4. **Election of Directors**

The term of office of the current directors of the Company will expire on March 31, 2026. In accordance with Section 159(1) of the Act, the Board of Directors has fixed the number of directors to be elected at the EOGM at seven (07) to hold the office of director for a period of three (3) years commencing from April 1, 2026

Independent directors shall be selected in accordance with the provisions of the Act, the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018.

Any person who seeks to contest the election, whether he/she is a retiring director or otherwise, shall file the following documents with the Company Secretary, at the Registered Office of the Company, situated at Plot No. H-7, Landhi Industrial Area, Landhi, Karachi, not later than 14 days before the date of the Extraordinary General Meeting:

a) Notice of his/her intention to contest for the election to the office of Director in terms of Section 159(3) of the Companies Act, 2017.

b) Consent to Act as Director (Appendix to Form-9), as prescribed under the Companies Regulations, 2024 and Section 167(1) of the Companies Act, 2017;

c) A detailed profile along with his/her office address.

FINANCE DIVISION
Plot No. H/7, Landhi,
Karachi-75120
Pakistan

Telephones : (9221) 111-485-485
Fax No. : (9221) 3501 9802
Email : finance@gulahmed.com

d) Declaration in respect of being compliant with the requirements of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and the eligibility criteria, as set out in Section 153 of the Companies Act, 2017 to act as director or an independent director of a listed company.

e) Attested copy of valid CNIC and NTN.

f) Independent Director(s) will be elected through the process of election of director in terms of Section 159 of the Act and they shall meet the criteria laid down in Section 166 of the Act, and the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018, accordingly the following additional documents are to be submitted by the candidates intending to contest election of directors as an independent director:

• Declaration by Independent Director(s) under Clause 6(3) of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019;

• Undertaking on non-judicial stamp paper that he/she meets the requirements of sub-regulation (1) of Regulation 4 of the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018.

The final list of contesting directors will be circulated not later than seven days before the date of said meeting, in terms of section 159(4). Further, the website of the Company will also be updated with the required information.

5. **Procedure For E-Voting and Voting through Postal Ballot**

In accordance with the Companies (Postal Ballot) Regulation, 2018, the right to vote through electronic voting facility will be provided if the number of persons who offer themselves to be elected is more than the number of directors fixed under Section 159(1) of the Companies Act, 2017 and Regulation 7A of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019.

Details of e-voting facility will be shared through e-mail with those members of the Company who have their valid CNIC numbers, Cell Numbers and e-mail addresses available in the register of Members of the Company within due course.

E-Voting lines will start from March 24, 2026, 03:00 p.m. and shall close on March 30, 2026 at 05:00 p.m. Members can cast their votes any time in this period. Once the vote is cast by a member, he / she shall not be allowed to change it subsequently.

The member may alternatively opt for voting through postal ballot which will be circulated to them. The postal ballot paper will also be available for download from the website of the Company at www.gulahmed.com

The members shall ensure that duly filled and signed ballot paper, along with copy of Computerized National Identity Card (CNIC), should reach the Chairman of the meeting through post on the Company's registered address at Plot No. H-7, Landhi Industrial Area, Landhi, Karachi, Pakistan or email at salim.ghaffar@gulahmed.com one day before EOGM i.e., on March 30, 2026 by 05:00 p.m.

A postal ballot received after this time/date shall not be considered for voting. The signature on the ballot paper shall match the signature on CNIC.

Once the vote is cast by a member/proxy holder, he/she shall not be allowed to change it subsequently.

Members who have not exercised their right to vote earlier may cast their vote in person at the venue on the day of the Meeting through a ballot provided at the venue.

Please note that in case of any dispute in voting including the casting of more than one vote, the decision of the Chairman of the meeting shall be final.

FINANCE DIVISION
Plot No. H/7, Landhi,
Karachi-75120
Pakistan

Telephones : (9221) 111-485-485
Fax No. : (9221) 3501 9802
Email : finance@gulahmed.com

6. Members can also avail video conference facility at Lahore and Islamabad. In this regard, please fill the following form and submit to registered address of the Company 10 days before holding of the Extraordinary General Meeting.

   If the Company receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding residing at a geographical location, to participate in the meeting through video conference at least 10 days prior to date of meeting, the Company will arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city.

   The Company will intimate Members regarding venue of video conference facility at least 5 days before the date of the Extraordinary General Meeting along with complete information necessary to enable them to access such facility.

I/We,__________________________ of _____________, being a member of Gul Ahmed Textile Mills Limited, holder of _______________ ordinary share (s) as per Register Folio/CDC Account No.__________ hereby opt for video conference facility at ________________

____________________
Signature of Member(s)

7. **Updation of shareholder addresses / other particulars**

   Members holding shares in physical form are requested to promptly notify Shares Registrar of the Company of any change in their addresses or any other particulars. Shareholders maintaining their shares in electronic form should have their address updated with their participant or CDC Investor Accounts Services.

   Further, to comply with requirements of section 119 of the Companies Act, 2017 and Regulation 47 of the Companies Regulations, 2024, all CDC and physical shareholders are requested to have their email address and cell phone numbers incorporated / updated in their physical folio or CDC account.

8. **Electronic dividend mandate**

   A. CNIC number of the shareholders is mandatorily required for dividend distribution and in the absence of such information, payment of dividend shall be withheld in term of SECP's order dated June 3, 2016. Therefore, the shareholders who have not yet provided their CNICs are once again advised to provide the attested copies of their CNICs directly to our Shares Registrar. The shareholders while sending CNIC must quote their respective folio number and name of the Company.

   B. Under the provisions of Section 242 of the Companies Act, 2017 and the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017, it is mandatory for a listed company to pay cash dividend to its shareholders only through electronic mode directly into bank account designated by the entitled shareholders. Shareholders who have not yet submitted their International Bank Account Number (IBAN) are requested to fill in Electronic Credit Mandate Form available on Company's website and send it duly signed along with a copy of CNIC to the Registrar of the Company.

   In case shares are held in CDC then Electronic Credit Mandate Form must be submitted directly to shareholder's broker/participant/CDC account services.

   In the absence of a member's valid IBAN and CNIC, the Company will be constrained to withhold payment of dividend to such member.

9. **Conversion of Physical Shares into CDC Account**

As per Section 72 of the Companies Act, 2017 all existing companies are required to convert their physical shares into book-entry form within a period not exceeding four years from the date of commencement of the Companies Act, 2017.

FINANCE DIVISION
Plot No. H/7, Landhi,
Karachi-75120
Pakistan

Telephones : (9221) 111-485-485
Fax No. : (9221) 3501 9802
Email : finance@gulahmed.com

The Securities and Exchange Commission of Pakistan through its circular # CSD/ED/Misc./2016-639-640 dated March 26, 2021 has advised the listed companies to pursue their members who still hold shares in physical form, to convert their shares into book entry form.

We hereby request all members who are holding shares in physical form to convert their shares into book-entry form at the earliest. They are also suggested to contact the Central Depository Company of Pakistan Limited or any active member/stock broker of the Pakistan Stock Exchange to open an account in the Central Depository System and to facilitate conversion of physical shares into book-entry form. Members are informed that holding shares in book-entry form has several benefits including but not limited to secure and convenient custody of shares, conveniently tradeable and transferable, No risk of loss, damage or theft, no stamp duty on transfer of shares in book entry form and hassle-free credit of bonus or right shares.

We once again strongly advise members of the Company, in their best interest, to convert their physical shares into book entry form at the earliest.

10. **Unclaimed Dividend / Shares certificate(s) under Section 244 of the Companies Act, 2017**

The Company has sent notices to shareholders under Section 244 of the Companies Act, 2017 whereby the Company approached the shareholders to claim their unclaimed dividends and undelivered share certificates in accordance with the law.

An updated list for unclaimed dividend/shares certificate(s) of the Company, which have remained unclaimed or unpaid for a period of three years from the date these have become due and payable, is available on the Company's website: https://gulahmed.com/list-of-unclaimed-shares-and-unpaid-cash-dividend/

Claims can be lodged by shareholders on Claim Form as is available on the Company's website. Claim Forms must be submitted to the Company's Share Registrar for receipt of dividend/ shares certificate(s).

11. **Appointment of Scrutinizer**

In accordance with the regulation 11 of the Companies (Postal Ballot) Regulation, 2018 (the Regulation), the Board of the Company has appointed M/s. Kreston Hyder Bhimji & Co. Chartered Accountants, a QCR rated audit firm, to act as scrutinizer of the Company for election of Directors in the meeting and to undertake other responsibilities as defined in regulation 11A of the Regulation.

## Statement of Material Facts under Section 166(3) of the Companies Act, 2017 in respect of Election of Directors

This statement sets out the material facts pertaining to the justification for choosing the appointee for appointment as independent director to be elected at the Extraordinary General Meeting of the Company to be held on March 31, 2026.

The Board of Directors has fixed the number of directors to be elected as Seven (7) for the term of three years with effect from April 1, 2026. The Company shall have atleast two (2) or one third members whichever is higher on the Board as independent directors in accordance with the Listed Companies (code of Corporate Governance), 2019. Accordingly, the Company shall ensure that the required number of independent directors is elected in accordance with the provisions of the Companies Act, 2017 and the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulations, 2018. It will be ensured that the name of Independent directors is available in the databank of independent directors being maintained by the Pakistan Institute of Corporate Governance ("PICG").

The present Directors are interested to the extent that they are eligible for re-election as Directors of the Company. Section 166 of the Companies Act 2017 requires that a statement of material facts is annexed to the notice of the general meeting called for the purpose of election of directors which shall indicate the justification for choosing the appointee for appointment as independent director.

Independent Directors will be elected through the process of election of directors in terms of section of 159 of the Companies Act, 2017 and they shall meet the criteria laid down under section 166 (2) of the Companies Act, 2017. The present Directors are interested to the extent that they are eligible for re-election as Directors of the Company.

**GUL AHMED TEXTILE MILLS LTD.**

GulAhmed

FINANCE DIVISION
Plot No. H/7, Landhi,
Karachi-75120
Pakistan

Telephones : (9221) 111-485-485
Fax No. : (9221) 3501 9802
Email : finance@gulahmed.com

# غیر معمولی اجلاسِ عام کی اطلاع

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ **گل احمد ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ** کا ایک غیر معمولی اجلاسِ عام (EOGM) **منگل 31 مارچ 2026ء صبح 10:30** پر موسٰی ڈی ڈیسائی ICAP آڈیٹوریم، انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان، G-31/8، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایوینیو، کلفٹن، کراچی میں منعقد ہوگا تا کہ درج ذیل امور پر غور وخوض اور کارروائی کی جاسکے:

1) کمپنی کے سات (7) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے آئندہ تین (3) سالہ مدت جو یکم اپریل 2026ء سے شروع ہوگی کے لیے کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 159 کی دفعات کے مطابق مقرر کیا گیا ہے۔ درج ذیل سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز دوبارہ انتخاب کے لیے اہل ہیں:

1. جناب محمد بشیر
2. جناب زین بشیر
3. جناب زیاد بشیر
4. جناب محمد ذکی بشیر
5. جناب احسان اے ملک
6. محترمہ زیبا انصار
7. جناب کامران وائی مرزا

2) چیئرمین کی اجازت سے کسی بھی دیگر ایسے امور پر غور کرنا جو غیر معمولی اجلاسِ عام میں پیش کیے جاسکتے ہوں۔

ڈائریکٹرز کے انتخاب سے متعلق کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 166(3) کے تحت اہم حقائق کا بیان اجلاس کی اطلاع کے ساتھ اراکین کو ارسال کیا جارہا ہے۔

بحکم بورڈ

سلیم غفار
کمپنی سیکریٹری

کراچی
26 فروری 2026ء

**نوٹس:**

-1 کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 24 مارچ 2026ء سے 31 مارچ 2026ء (دونوں ایام شامل) تک غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کے مقصد کے لیے بند رہیں گی، اس دوران کسی بھی شیئر ٹرانسفر کو رجسٹریشن کے لیے قبول نہیں کیا جائے گا۔ جو ٹرانسفرز 19 مارچ 2026ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز FAMCO شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8 نزد ہوٹل فاران، نرسری، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی کے دفتر میں باقاعدگی سے وصول ہو جائیں گے اُنھیں غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

-2 غیر معمولی اجلاسِ عام کی کارروائی میں ذاتی حاضری یا ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے شرکت:

الیکٹرونک ذرائع کے ذریعے غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کے انتظامات حسبِ ذیل ہوں گے:

1. ان معزز اراکین کی سہولت کے لیے جو زوم ایپلیکیشن کے ذریعے غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کرنا چاہتے ہیں، ویڈیو لنک سہولت فراہم کی جائے گی۔
2. وہ شیئر ہولڈرز جو زوم ایپلیکیشن کے ذریعے غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کے خواہشمند ہوں اُن سے گزارش ہے کہ وہ اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل تک اپنی تفصیلات بذریعہ ای میل salim.ghaffar@gulahmed.com پر فراہم کر کے کمپنی سیکریٹری کے دفتر میں اپنی رجسٹریشن یقینی بنائیں۔

شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ شناخت کے لیے اپنا نام، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر، موبائل نمبر اور ای میل آئی ڈی ضرور درج کریں۔ اجلاس میں شرکت کرنے میں دلچسپی رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے مذکورہ معلومات وصول ہونے پر کمپنی ان کے ای میل پتے پر لاگ اِن کی تفصیلات ارسال کرے گی۔ غیر معمولی اجلاسِ عام کے دن شیئر ہولڈرز اسمارٹ فون یا کمپیوٹر ڈیوائس کے ذریعے لاگ اِن کر کے اجلاس کی کارروائی میں شرکت کر سکیں گے۔

**GUL AHMED TEXTILE MILLS LTD.**

GulAhmed

FINANCE DIVISION
Plot No. H/7, Landhi,
Karachi-75120
Pakistan

Telephones : (9221) 111-485-485
Fax No. : (9221) 3501 9802
Email : finance@gulahmed.com

### 3- نمائندہ (پروکسی) مقرّر کرنے کے تقاضے

ا- ہر رُکن جو غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق رکھتا ہو، وہ اپنی جگہ شرکت، اظہارِ خیال اور ووٹ دینے کے لیے کسی دوسرے رُکن کو اپنا نمائندہ مقرّر کر سکتا/سکتی ہے، اور اس طرح مقرّر کردہ نمائندہ کو اجلاس میں شرکت، اظہارِ خیال اور ووٹ دینے کے وہی حقوق حاصل ہوں گے جو کسی رُکن کو حاصل ہوتے ہیں۔ نمائندہ کا کمپنی کا رُکن ہونا لازمی ہے۔

ب- مؤثر ہونے کے لیے پروکسی فارم باقاعدہ طور پر پُر شدہ/عمل درآمد شدہ ہونا چاہیے اور اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل (تعطیلات کے علاوہ) کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر واقع پلاٹ نمبر H-7، لانڈھی انڈسٹریل ایریا، لانڈھی، کراچی میں وصول ہو جانا چاہیے۔

ج- پروکسی فارم پر دو اشخاص بطور گواہ دستخط کریں گے اور اُن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبرز فارم پر درج کرنا ہوں گے۔

د- اصل مستفید مالکان اور نمائندے کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا صحیح المیعاد پاسپورٹ کی نقول پروکسی فارم کے ساتھ فراہم کرنا ہوں گی۔

ہ- نمائندہ اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل صحیح المیعاد پاسپورٹ پیش کرے گا۔

و- کسی کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ مع نمونہ دستخط (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) پروکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو جمع کروایا جائے گا۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز/سب اکاؤنٹ ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کے وقت شناخت کے لیے اپنے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ مع پارٹسپنٹ آئی ڈی نمبر اور سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ساتھ لائیں۔ اگر ایسے شیئر ہولڈرز کی جانب سے نمائندے مقرّر کیے گئے ہوں تو ان کے ساتھ مستفید مالکان کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول بھی منسلک ہونی چاہئیں۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ مع نامزد فرد کے نمونہ دستخط اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوں گے۔ نامزد فرد شناخت کے لیے اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ پیش کرے گا۔

### 4- ڈائریکٹرز کا انتخاب

کمپنی کے موجودہ ڈائریکٹرز کی مدّت 31 مارچ 2026ء کو ختم ہو جائے گی۔ ایکٹ کی دفعہ (1)159 کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز نے غیر معمولی اجلاسِ عام میں منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سات (07) مقرّر کی ہے جو یکم اپریل 2026ء سے شروع ہونے والی تین (3) سالہ مدّت کے لیے ڈائریکٹر کے عہدے پر فائز رہیں گے۔

آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب ایکٹ، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019ء اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب اور طریقۂ کار) ریگولیشنز 2018ء کی دفعات کے مطابق کیا جائے گا۔

کوئی بھی شخص جو انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو خواہ وہ سبکدوش ہونے والا ڈائریکٹر ہی کیوں نہ ہو اُسے غیر معمولی اجلاسِ عام کی تاریخ سے کم از کم 14 دن قبل درج ذیل دستاویزات کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر واقع پلاٹ نمبر H-7، لانڈھی انڈسٹریل ایریا، لانڈھی، کراچی میں کمپنی سیکریٹری کے پاس جمع کروانا ہوں گی:

ا) کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (3)159 کے تحت ڈائریکٹر کے عہدے کے لیے انتخاب لڑنے کے ارادے کا نوٹس۔

ب) بطور ڈائریکٹر خدمات انجام دینے کی رضامندی (فارم-9 کے ضمیمہ کے مطابق)، جیسا کہ کمپنیز ریگولیشنز 2024ء اور کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (1)167 کے تحت مقرّر ہے؛

ج) تفصیلی پروفائل مع دفتر کا پتہ۔

د) یہ اعلامیہ کہ وہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019ء کی ضروریات اور کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 153 میں درج اہلیت کے معیار پر پورا اُترتا/اُترتی ہے تاکہ بطور ڈائریکٹر یا ایک لسٹڈ کمپنی کے آزاد ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دے سکے۔

ہ) کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور این ٹی این کی تصدیق شدہ نقول۔

**GUL AHMED TEXTILE MILLS LTD.**

GulAhmed

FINANCE DIVISION
Plot No. H/7, Landhi,
Karachi-75120
Pakistan

Telephones : (9221) 111-485-485
Fax No. : (9221) 3501 9802
Email : finance@gulahmed.com

و) آزاد ڈائریکٹر/ ڈائریکٹرز کا انتخاب ایکٹ کی دفعہ 159 کے مطابق ڈائریکٹر کے انتخاب کے طریقۂ کار کے تحت کیا جائے گا اور انھیں ایکٹ کی دفعہ 166 اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب اور طریقۂ کار) ریگولیشنز 2018ء میں مقرر کردہ معیار پر پورا اُترنا ہوگا، لہٰذا آزاد ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب لڑنے کے خواہشمند اُمیدواروں کو درج ذیل اضافی دستاویزات بھی جمع کروانا ہوں گی:

- لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019ء کی شق 6(3) کے تحت آزاد ڈائریکٹر/ ڈائریکٹرز کا اعلامیہ؛
- غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر حلف نامہ کہ وہ کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب اور طریقۂ کار) ریگولیشنز 2018ء کے ریگولیشن 4 کی ذیلی شق (1) کی شرائط پر پورا اُترتا/ اُترتی ہے۔

انتخاب میں حصّہ لینے والے ڈائریکٹرز کی حتمی فہرست مذکورہ اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات دن قبل دفعہ (4)159 کے مطابق اراکین کو ارسال کی جائے گی۔ مزید برآں، کمپنی کی ویب سائٹ کو بھی مطلوبہ معلومات کے ساتھ اَپ ڈیٹ کیا جائے گا۔

### 5- ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقۂ کار

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشن 2018ء کے مطابق الیکٹرونک ووٹنگ کی سہولت فراہم کی جائے گی بشرطیکہ انتخاب کے لیے پیش ہونے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (1)159 اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019ء کے ریگولیشن 7A کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو۔

ای ووٹنگ سہولت کی تفصیلات مناسب وقت پر ان اراکین کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی جن کے صحیح المیعاد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبرز، موبائل نمبرز اور ای میل ایڈریسز کمپنی کے رجسٹر آف ممبرز میں دستیاب ہوں گے۔

ای ووٹنگ کی سہولت 24 مارچ 2026ء سہ پہر 03:00 بجے شروع ہوگی اور 30 مارچ 2026ء شام 05:00 بجے اختتام پذیر ہوگی۔ اراکین اس مدّت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ کاسٹ کر سکتے ہیں۔ ایک مرتبہ ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد اُسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

رُکن متبادل طور پر پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا انتخاب کرسکتا/ سکتی ہے جو انھیں ارسال کیا جائے گا۔ پوسٹل بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائٹ www.gulahmed.com سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

اراکین اس امر کو یقینی بنائیں کہ باقاعدہ طور پر پُر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر مع کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی نقل اجلاس کے چیئرمین کو بذریعہ ڈاک کمپنی کے رجسٹرڈ پتے واقع پلاٹ نمبر H-7، لانڈھی انڈسٹریل ایریا، لانڈھی، کراچی، پاکستان یا ای میل salim.ghaffar@gulahmed.com پر غیر معمولی اجلاسِ عام سے ایک دن قبل یعنی 30 مارچ 2026ء شام 05:00 بجے تک وصول ہوجائے۔

مذکورہ وقت/ تاریخ کے بعد وصول ہونے والا پوسٹل بیلٹ ووٹنگ کے لیے قابلِ قبول نہیں ہوگا۔ بیلٹ پیپر پر دستخط کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ پر موجود دستخط کے مطابق ہونا چاہیے۔

ایک مرتبہ رُکن/ نمائندے کی جانب سے ووٹ دیے جانے کے بعد اُسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

وہ اراکین، جنھوں نے اِس سے قبل اپنا حق رائے دہی استعمال نہ کیا ہو، اجلاس کے دن اجلاس کے مقام پر فراہم کردہ بیلٹ کے ذریعے ذاتی طور پر ووٹ دے سکتے ہیں۔

ازراہِ کرم نوٹ فرمائیں کہ ووٹنگ میں کسی بھی تنازعے بشمول ایک سے زائد ووٹ ڈالنے کی صورت میں اجلاس کے چیئرمین کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

### 6- ویڈیو کانفرنس کی سہولت

اراکین لاہور اور اسلام آباد میں بھی ویڈیو کانفرنس کی سہولت سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ اس ضمن میں، ازراہِ کرم درج ذیل فارم پُر کر کے غیر معمولی اجلاسِ عام کے انعقاد سے کم از کم 10 دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر جمع کروادیں۔

اگر کمپنی کو کسی جغرافیائی مقام پر مقیم ایسے اراکین جو مجموعی طور پر 10% یا اُس سے زائد شیئرز کے حامل ہوں کی ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کی رضامندی اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 10 دن قبل وصول ہوجاتی ہے تو کمپنی اُس شہر میں بشرطِ دستیابی ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کرے گی۔

FINANCE DIVISION
Plot No. H/7, Landhi,
Karachi-75120
Pakistan

Telephones : (9221) 111-485-485
Fax No. : (9221) 3501 9802
Email : finance@gulahmed.com

کمپنی غیر معمولی اجلاسِ عام کی تاریخ سے کم از کم 5 دن قبل ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے بارے میں اراکین کو مطلع کرے گی، نیز اُنھیں اس سہولت تک رسائی کے لیے درکار مکمل معلومات بھی فراہم کرے گی۔

میں/ہم، ____________ ولد ____________ ساکن ____________ بطور رُکن گل احمد ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ، رجسٹرڈ فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ____________ کے مطابق حامل ____________ عدد عام شیئرز، بذریعہ ہٰذا ____________ میں ویڈیو کانفرنس سہولت کا انتخاب کرتا/کرتی ہوں/کرتے ہیں۔

____________

رُکن (اراکین) کے دستخط

**-7 شیئر ہولڈرز کے پتے/دیگر کوائف کی تجدید**

وہ اراکین جو فزکل شیئرز رکھتے ہیں سے درخواست ہے کہ اپنے پتے یا دیگر کوائف میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔ وہ شیئر ہولڈرز جو اپنے شیئرز الیکٹرونک صورت میں رکھتے ہیں، اپنے پتے کی تجدید اپنے پارٹسپنٹ یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹس سروسز کے ذریعے کروائیں۔

مزید برآں کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 119 اور کمپنیز ریگولیشنز 2024ء کے ریگولیشن 47 کی تعمیل کے لیے تمام سی ڈی سی اور فزکل شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنا ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر اپنے فزکل فولیو یا سی ڈی سی اکاؤنٹ میں شامل/تجدید کروالیں۔

**-8 ہدایت برائے برقی منافعِ منقسمہ**

ا۔ منافعِ منقسمہ کی تقسیم کے لیے شیئر ہولڈرز کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر لازمی درکار ہے اور ایسی معلومات کی عدم دستیابی کی صورت میں ایس ای سی پی کے 03 جون 2016ء کے حکم کے تحت منافعِ منقسمہ کی ادائیگی روک دی جائے گی۔ لہٰذا وہ شیئر ہولڈرز جنھوں نے ابھی تک اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ فراہم نہیں کیے، اُنھیں دوبارہ ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنے تصدیق شدہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقول براہِ راست ہمارے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ ارسال کرتے وقت متعلقہ فولیو نمبر اور کمپنی کا نام ضرور درج کریں۔

ب۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 242 اور کمپنیز (تقسیم منافع) ریگولیشنز 2017ء کے تحت، کسی لسٹڈ کمپنی کے لیے یہ لازمی ہے کہ وہ نقد منافعِ منقسمہ صرف الیکٹرونک طریقے سے مستحق شیئر ہولڈرز کے نامزد بینک اکاؤنٹ میں براہِ راست ادا کرے۔ وہ شیئر ہولڈرز جنھوں نے ابھی تک اپنا انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) فراہم نہیں کیا اُن سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم پُر کرکے، دستخط شدہ فارم مع کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل کمپنی کے رجسٹرار کو ارسال کریں۔

اگر شیئرز سی ڈی سی میں رکھے گئے ہوں تو الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم براہِ راست متعلقہ بروکر/پارٹسپنٹ/سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز کو جمع کروایا جائے۔

کسی رُکن کے درست IBAN اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی عدم دستیابی کی صورت میں کمپنی ایسے رُکن کے منافعِ منقسمہ کی ادائیگی روکنے کی مجاز ہوگی۔

**-9 فزکل شیئرز کو سی ڈی سی اکاؤنٹ میں تبدیل کرنا**

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 72 کے مطابق تمام موجود کمپنیز کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے فزکل شیئرز کو کمپنیز ایکٹ 2017ء کے نفاذ کی تاریخ سے زیادہ سے زیادہ چار سال کی مدّت میں بُک اینٹری فارم میں تبدیل کریں۔

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے سرکلر نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 بتاریخ 26 مارچ 2021ء کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت کی ہے کہ وہ اُن اراکین سے رابطہ کریں جو اب بھی فزکل شیئرز رکھتے ہیں تا کہ وہ اپنے شیئرز بُک اینٹری فارم میں تبدیل کریں۔

**GUL AHMED TEXTILE MILLS LTD.**

GulAhmed

FINANCE DIVISION
Plot No. H/7, Landhi,
Karachi-75120
Pakistan

Telephones : (9221) 111-485-485
Fax No. : (9221) 3501 9802
Email : finance@gulahmed.com

ہم بذریعہ ہٰذا اہتمام ایسے اراکین سے جو فزکل شیئرز رکھتے ہیں درخواست کرتے ہیں کہ وہ اپنے شیئرز جلد از جلد بُک اینٹری فارم میں تبدیل کرلیں۔ اُنھیں یہ بھی تجویز کیا جاتا ہے کہ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ یا پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے کسی فعال رُکن/اسٹاک بروکر سے رابطہ کرکے سینٹرل ڈپازٹری سسٹم میں اکاؤنٹ کھلوائیں اور فزکل شیئرز کو بُک اینٹری فارم میں تبدیل کروانے کے لیے سہولت حاصل کریں۔ اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بُک اینٹری فارم میں شیئرز رکھنے کے متعدد فوائد ہیں جن میں شیئرز کی محفوظ اور باسہولت تحویل، آسان تجارت اور منتقلی، گمشدگی، نقصان یا چوری کا کوئی خطرہ نہیں، بُک اینٹری فارم میں شیئرز کی منتقلی پر اسٹامپ ڈیوٹی عائد نہ ہونا، اور بونس یا رائٹ شیئرز کی بلا رکاوٹ کریڈٹنگ مگر اِنہی تک محدود نہیں شامل ہیں۔

ہم ایک مرتبہ پھر کمپنی کے اراکین کو اُن کے بہترین مفاد میں مخلصانہ مشورہ دیتے ہیں کہ وہ اپنے فزکل شیئرز جلد از جلد بُک اینٹری فارم میں تبدیل کرلیں۔

### 10- کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 244 کے تحت غیر دعویٰ شدہ منافعِ منقسمہ/شیئرز سرٹیفکیٹ (س)

کمپنی نے کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 244 کے تحت شیئر ہولڈرز کو نوٹسز ارسال کیے ہیں جن کے ذریعے کمپنی نے قانون کے مطابق ان سے اپنے غیر دعویٰ شدہ منافعِ منقسمہ اور غیر ترسیل شدہ شیئرز سرٹیفکیٹس وصول کرنے کی درخواست کی ہے۔

کمپنی کے غیر دعویٰ شدہ منافعِ منقسمہ/شیئرز سرٹیفکیٹ (س) کی تازہ فہرست جو واجب الادا ہونے کی تاریخ سے تین (3) سال کی مدّت تک غیر دعویٰ شدہ یا غیر ادا شدہ رہے ہوں، کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے: https://gulahmed.com/list-of-unclaimed-shares-and-unpaid-cash-dividend/

شیئر ہولڈرز کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب کلیم فارم کے ذریعے دعویٰ داخل کرسکتے ہیں۔ منافعِ منقسمہ/شیئرز سرٹیفکیٹ (س) کے حصول کے لیے کلیم فارم کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو جمع کروانا لازم ہے۔

### 11- نگران کی تقرری

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشن 2018ء کے ریگولیشن 11 کے مطابق کمپنی کے بورڈ نے میسرز کریسٹن حیدر بھیم جی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس جو QCR ریٹڈ آڈٹ فرم ہے کو اجلاس میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے کمپنی کی طرف سے نگران مقرّر کیا ہے اور اُنھیں ریگولیشن 11A میں بیان کردہ دیگر ذمّے داریاں انجام دینے کا اختیار دیا ہے۔

### ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (3)166 کے تحت اہم حقائق کا بیان

یہ بیان 31 مارچ 2026ء کو منعقد ہونے والے کمپنی کے غیر معمولی اجلاسِ عام میں منتخب کیے جانے والے آزاد ڈائریکٹر کی تقرّری کے جواز سے متعلق اہم حقائق کی وضاحت کرتا ہے۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز نے یکم اپریل 2026ء سے شروع ہونے والی تین سالہ مدّت کے لیے منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سات (7) مقرّر کی ہے۔ لِسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) 2019ء کے مطابق کمپنی کے بورڈ میں کم از کم دو (2) یا ایک تہائی اراکین، جو بھی زیادہ ہو، آزاد ڈائریکٹرز ہوں گے۔ چنانچہ کمپنی اِس امر کو یقینی بنائے گی کہ کمپنیز ایکٹ 2017ء اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب اور طریقۂ کار) ریگولیشنز 2018ء کی دفعات کے مطابق مطلوبہ تعداد میں آزاد ڈائریکٹرز منتخب کیے جائیں۔ یہ بھی یقینی بنایا جائے گا کہ آزاد ڈائریکٹرز کے نام پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (''PICG'') کے زیرِ انتظام ڈیٹا بینک میں موجود ہوں۔

موجودہ ڈائریکٹرز، کمپنی کے ڈائریکٹرز کے طور پر دوبارہ انتخاب کے اہل ہونے کی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 166 کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد سے بلائے گئے اجلاسِ عام کی اطلاع کے ساتھ اہم حقائق کا بیان منسلک کرنا لازم ہے، جس میں آزاد ڈائریکٹر کی تقرّری کے لیے نامزد فرد کے انتخاب کا جواز درج ہو۔

آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 159 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے طریقۂ کار کے مطابق کیا جائے گا اور وہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (2) 166 میں مقرّر کردہ معیار پر پورا اُتریں گے۔

موجودہ ڈائریکٹرز، کمپنی کے ڈائریکٹرز کے طور پر دوبارہ انتخاب کے اہل ہونے کی حد تک دلچسپی رکھتے ہیں۔